# تعلقات عامہ دفتر

## جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

September,18 2024

پریس ریلیز

**جامعہ ملیہ اسلامیہ میں سوچھتا پکھواڑا کے دوران متعدد سرگرمیوں کا انعقاد اوراب پندرہ روزہ 'سوچھتا ہی سیوا' کا اہتمام**

جامعہ ملیہ اسلامیہ نے یکم ستمبر دو ہزار چوبیس سے پندرہ ستمبر دو ہزار دو چوبیس تک 'سوچھتا پکھواڑا' منایا اور اس دورانیے میں صفائی ستھرائی اور کیمپس کے اندر باہر پلاسٹک سے پاک زندگی سے متعلق بیداری عام کرنے کے لیے متعدد پروگرام منعقد کیے۔اب سترہ ستمبر دو ہزار چوبیس سے یکم اکتوبر دو ہزار چوبیس تک 'سمبھو سوچھتا۔سنکار سوچھتا' مرکزی خیال کے تحت 'سوچھتا ہی سیوا (ایس ایچ ایس) منا رہا ہے۔ یہ مہم دو اکتوبر دو ہزار چوبیس کو منعقد ہونے والے سوچھ بھارت دیوس اور 'سوچھتا کا میلا' سے پہلے ہی ہورہی ہے ان پروگراموں کا انعقاد بھی ایک ہی دن ہوگا۔اس سلسلے میں آج ایک پریس کانفرنس منعقد ہوئی جس میں سوچھتا ہی سیوا مہم کے نوڈل اور کونوڈل پرسنز پروفیسر سراج الدین احمد، نوڈل پرسن اور ڈاکٹر عابد حسین اور یونیورسٹی پی آر او ڈاکٹر احمد عظیم نے میڈیا کے ساتھ تفصیلات ساجھا کیں۔

یکم تا پندرہ ستمبر دو ہزار چوبیس کے سوچھتا پکھواڑا کے درمیان کیمپس اور کیمپس کے باہر یونیورسٹی نے اس پکھواڑے کو کامیاب بنانے کے لیے متعدد پروگرام کیے۔کیمپس کے اندراور باہر آس پاس کے علاقوں میں صفائی ستھرائی مہم چلائی گئی جس میں قائم مقام شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ پروفیسر محمد شکیل، اساتذہ، غیر تدریسی عملہ، ریزیڈینٹ اور طلبہ نے شریک ہوکر صفائی ستھرائی میں حصہ لیا۔

عمارت سازی سے متعلق یونیورسٹی کے شعبہ نے بیت الخلا کی مرمت اوراس کی تجدید کا کام کیا، اور بڑے پیمانے پر بیداری کے لیے منعقدہ پروگراموں میں یونیورسٹی، جامعہ اسکول، ایم سی ڈی کے مقامی کونسلرز اور الشفا اسپتال کے ڈائریکٹر بھی شامل ہوئے جنھوں نے صفائی ستھرائی سے متعلق بیداری کو عام کرنے میں حصہ لیا، جامعہ کی پریس کلب اوراین ایس ایس اکائیوں نے یونیورسل پیس فیڈریشن (یو پی ایف) سوچھتا سیمینار کا انعقاد کیااور صفائی ستھرائی یونٹ کے اشتراک سے فائن آرٹ نے 'ویسٹ ٹو گڈ' نمائش کا اہتمام کیا۔

یونیورسٹی کی طرف سے 'گرین اینڈ کلین دہلی: چیلنجز اینڈ پراسپیکٹ فار سسٹین ایبل ڈولپمنٹ' کے موضوع پر ایک کانفرنس بھی منعقد کی گئی۔

کیمپس میں اور کیمپس کے آس پاس علاقوں میں سوچھتا ریلی نکالی گئی اور دستخطی مہم بھی چلائی گئی۔یونیورسٹی کے شعبہ باغبانی اور دیگر شعبہ جات نے 'ایک پیڑ ماں کے نام' کے تحت 'پلانٹ فار مدر' شجر کاری مہم بھی چلائی گئی۔دس جولائی سے لے کر ابھی تک میاوکی طریقے

سے مختلف قسم کے چار ہزار سے زیادہ پودے لگائے گئے ہیں۔ آئندہ دنوں میں ایک ہزار مزید پودے لگائے جائیں گے۔ سوچھتا تھیم کے ساتھ پینٹنگ کا مقابلہ بھی منعقد ہوا، سنگل یوز پلاسٹک کو ترک کرنے کی مہم، سوچھتا تھیم پر اے جے کے ایم سی آر سی کی طرف سے ایک نکڑ ناٹک بھی یونیورسٹی میں کھیلا گیا۔

پروگرام آفیسر ڈاکٹر عابد حسین کی نگرانی والی این ایس ایس کی اکائیاں، ڈاکٹر ایوب خان اور سید رضی نقوی کی سربراہی والی صفائی اور ستھرائی اکائی اور ڈاکٹر بھارت بھوشن اور سوشل ورک ڈپارٹمنٹ کی نگرانی میں شعبہ باغبانی نے پکھواڑے کو کامیاب میں بنانے میں اہم کردار نبھایا۔ ڈاکٹر محمد عبداللہ نے بھی اسے کامیاب بنانے میں اہم رول ادا کیا۔

ابھی جاری 'سوچھتا ہی سیوا' پندرہ روزہ پروگرام میں متعدد پروگرام کیے جائیں گے اور صفائی وستھرائی کے سلسلے میں بیداری عام کرنے کے لیے آس پاس کے علاقوں کا دورہ کیا جائے گا۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی